**MZK/ Adeel**

**22.03.2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے شراب پالیسی گھپلے کے کیس میں دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو گرفتار کرلیا ہے۔ امید ہے کہ سپریم کورٹ آج اُن کی ضمانت کی درخواست کی سماعت کرے گی۔

2 وزیر اعظم نریندر مودی آج بھوٹان کے دو دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔

3 کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 57 امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔

4 ٹیبل ٹینس کے سرکردہ کھلاڑی Achanta Sharath Kamal پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارت کے پرچم بردار ہوں گے۔

5 اور بھارت کے ساتھیان گناناشیکھرن نے لبنان میں عالمی ٹیبل ٹینس فیڈر بیروت ٹورنامنٹ میں مردوں کا سنگلز ٹائٹل جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Kejriwal Arrest

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ED نے مبینہ شراب گھپلے کے کیس میں دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو گرفتار کرلیا ہے۔ ایجنسی نے جناب کیجریوال کو کل رات اُن کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا اور نئی دلی میں واقع اپنے دفتر لے گئی۔

اِس سے پہلے ED کی ایک ٹیم شام کو وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ پر پہنچی اور وہاں تلاشی کی کارروائی کی۔ اُن کی گرفتاری سے چند گھنٹے قبل دلی ہائی کورٹ نے ایجنسی کی جانب سے کسی طرح کی کارروائی سے کیجریوال کو تحفظ فراہم کرنے سے انکار کردیا تھا۔

ED نے دلی شراب پالیسی سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں جناب کیجریوال کو نامزد کیا تھا اور انہیں پیش ہونے کیلئے 9 مرتبہ سمن بھیجے۔

البتہ جناب کیجریوال نے ان Summons کو غیر قانونی اور سیاسی اغراض پر کار فرما قرار دیتے ہوئے اِن سبھی کو نظر انداز کردیا تھا۔

بی جے پی کے سرکردہ لیڈر روی شنکر پرساد نے اِس واقعے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک قانونی عمل ہے اور یہ بدعنوانی کے خلاف مناسب کارروائی کے مقصد سے کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون اپنا کام کرے گا۔x

AAP Kejriwal Arrest SC

عام آدمی پارٹی آج سپریم کورٹ میں دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کی گرفتاری کو چیلنج کرے گی۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کی سرکردہ لیڈر آتشی نے بتایا کہ عام آدمی پارٹی نے جناب کیجریوال کی گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج صبح سپریم کورٹ میں اس کا تذکرہ ہوگا۔

SB- Atishi

عام آدمی پارٹی گرفتاری کے خلاف آج صبح دس بجے بی جے پی ہیڈ کوارٹرس پر احتجاج کرے گی۔ اِس کے علاوہ پارٹی ملک

کے مختلف حصوں میں بھی مظاہرے کرے گی۔ x

PM Bhutan Visit

وزیر اعظم نریندر مودی بھوٹان کے دو دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ وزیر اعظم کو کل اِس دورے پر جانا تھا لیکن بھوٹان میں Paro ہوائی اڈے کے علاقے میں خراب موسم کی وجہ سے اُن کے دورے کے پروگرام میں تبدیلی کی گئی۔
وزیر اعظم بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک سے ملاقات کریں گے۔ وہ بھوٹان کے وزیر اعظم Tshering Tobgay کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔
وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی روایت اور پڑوس پہلے کی پالیسی پر سرکار کے زور کی مناسبت سے جناب مودی کا یہ دورہ ہورہا ہے۔
اِدھر ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے جن کا مقصد بھارت-بھوٹان ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ بھوٹان کے شاہ اور وزیر اعظم کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Congress List

کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کے لئے 57 امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔
ارونا چل پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ Nabam Tuki ارونا چل ویسٹ سیٹ سے چناؤ لڑیں گے جبکہ پڈوچیری کے سابق وزیر اعلیٰ Vaithilingam پڈوچیری لوک سبھا سیٹ سے انتخابات لڑیں گے۔
موجودہ لوک سبھا میں کانگریس پارٹی کے لیڈر ادھیر رنجن چودھری مغربی بنگال میں Baharam Pur سے چناؤ لڑیں گے۔x

Telangana Gonngress

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے تلنگانہ سے لوک سبھا چناؤ کیلئے دوسری فہرست میں پانچ اور ناموں کا اعلان کیاہے۔اس کے ساتھ ہی کانگریس ریاست کی 17 لوک سبھا سیٹوں میں سے 9 کیلئے امیدواروں کا اعلان کرچکی ہے۔ان پانچ امیدواروں میں Peddaapalle سے جی وامشی کرشن، ملاکج گری سے سنیتا مہندریڈی، سکندرہ آباد سے سابق وزیر ڈی ناگیندر، نگرکورنول سے ملّو روی اور Chevella سے موجودہ ممبرپارلیمنٹ جی رنجیت ریڈی شامل ہیں۔
سنیتا مہندرریڈی، ڈی ناگیندر اور رنجیت ریڈی کچھ دن پہلے ہی بھارت راشٹرسمیتی سے کانگریس میں شامل ہوئے ہیں۔ کانگریس کھمم، نظام آباد، کریم نگر، عادل آباد، وارانگل، Bhongir، میدک اور حیدرآباد سے ابھی امیدیوروں کے ناموں کا اعلان کرے ۔
بی جے پی پندرہ لوک سبھا سیٹوں کیلئے پہلے ہی پارٹی کے امیدواروں کا اعلان کرچکی ہے جبکہ BRS نے گیارہ حلقوں سے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیاہے۔

BJP List

بی جے پی نے لوک سبھا انتخابات کیلئے کل شام 9 امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی۔اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر

مملکت ایل مروگن، Nilgiris لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے جبکہ تلنگانہ کے سابق گورنر Tamilisai Soundarrajan چنئی ساؤتھ سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

تمل ناڈو کے بی جے پی کے ریاستی سربراہ کے انا ملائی کو کوئمبٹور لوک سبھا حلقے سے چناؤ میدان میں اتارا گیا ہے۔

اس قبل پارٹی نے عام انتخابات کیلئے 267 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا تھا۔

[Meghalaya Lok Sabha]

پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی میگھالیہ میں لوک سبھا چناؤ کی تیاریوں میں تیزی آ گئی ہے۔ میگھالیہ میں صرف دو لوک سبھا سیٹیں ہیں، ایک شیلانگ اور دوسری Tura، دونوں ہی سیٹیں درج فہرست قبائل کیلئے ریزرو ہیں۔ ریاست میں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Paritosh Dixit

*میگھالیہ میں انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے اور انتظامیہ انتخابات کی تیاریوں کو حتمی شکل دے رہی ہے۔*

*ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر بی ڈی آر تیواری نے لوک سبھا سیٹوں کے لئے چناؤ تیاریوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی۔*

*SB- Dr B.D.R. Tiwari*

*ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر نے بتایا کہ فوٹو والے ووٹر شناختی کارڈس کی تقسیم کا کام آخری مراحل میں ہے اور ریاست میں سخت سکیورٹی انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میگھالیہ کے اُن سرحدی علاقوں میں پختہ سکیورٹی بندوبست کیا جا رہا ہے، جہاں باڑ نہیں لگی ہوئی ہے۔ اعلیٰ چناؤ افسر نے یہ بھی کہا کہ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے ایک خصوصی مہم بھی چلائی جا رہی ہے تاکہ لوک سبھا انتخابات میں ووٹنگ کے فیصد میں اضافہ ہو سکے۔*

*شیلانگ سے Paritosh Dixit کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں۔*

[India Indravati]

بھارت نے ہیتی سے اپنے شہریوں کو نکال کر Dominic جمہوریہ پہنچانے کیلئے آپریشن اندرا وتی شروع کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ کُل 12 بھارتی شہریوں کو وہاں سے نکالا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت سرکار بیرون ملک اپنے شہریوں کی سلامتی اور اُن کی خیر و عافیت کے تئیں پوری طرح عہد بند ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے Dominic جمہوریہ کی مدد کیلئے وہاں کی سرکار کا بھی شکریہ ادا کیا۔x

[Punjab Hola Mahalla Began]

پنجاب میں کل Kiratpur صاحب میں تاریخی گرودوارہ Patalpuri صاحب میں تاریخی اور روایتی Hola Mahalla کا آغاز ہوا۔ اِس موقع پر تخت سری کیس گڑھ صاحب کے جتھیدار سنگھ صاحب اور شرومنی گرودوارہ انتظامی کمیٹی کے چیئرمین بھی موجود تھے۔

Hola Mahalla کرتپور صاحب اور آنند پور صاحب دونوں مقام پر تین تین دن چلے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Shishu Sharma Shantal

***ہولی کے تہوار کے سلسلے میں Hola Mahalla، کرتارپور میں تاریخی گرودوارہ***

*Patalpuri صاحب میں شری اکھنڈ پاٹھ صاحب کے شروع ہونے اور روایتی ڈھول بجانے کے ساتھ شروع ہوگیاہے۔بھارت اور بیرون ملک سے بڑی تعداد میں عقیدت مند پوری عقیدت کے ساتھ شری گرو گرنتھ صاحب جی کے سامنے متھا ٹیکنے کیلئے آرہے ہیں۔حکومت نے سیکورٹی کے مقصد سے بڑی تعداد میں پولیس افسران اور جوانوں کو تعینات کیا ہے۔سماج دشمن عناصر پر قریبی نظ رکھنے کیلئے کئی جبہ پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کئے گئے ہیں۔*
*جالندھر سے شیشوشرما شاعل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں*

## World Water Day

آج پانی کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اِس کا مقصد تازے پانی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے'' خوشحالی اور امن کیلئے پانی''۔

اِس میں دنیا بھر میں اشتراک ، تعاون اور استحکام کے فروغ میں پانی کے اہم رول پر زور دیا گیا ہے۔

## IOA Flag Bearers

بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن نے اعلان کیا ہے کہ آئندہ پیرس اولمپکس میں ٹیبل ٹینس کے سرکردہ کھلاڑی اچھنتا شرد کمل بھارتی پرچم بردار ہوں گے۔اولمپک کھیلوں میں پرچم بردار ایک علامتی رہنما ہوتا ہے جو عظیم الشان افتتاحی تقریب کی پریڈ میں ملک کے کھلاڑیوں کے دستے کی قیادت کرتا ہے۔یہ شخص پریڈ کے دوران فخر کے ساتھ ملک کا پرچم لے کر سب سے آگے چلتا ہے۔
بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن نے اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی اور کئی مرتبہ مکے بازی میں عالمی چمپئن رہی میری کوم کو پیرس میں Chef de Mission یعنی بھارتی کھلاڑیوں کے گروپ کا سربراہ بھی قرار دیاہے۔
موسم سرما کے کھیلوں کے سابق اولمپک کھلاڑی شیو کیشون اس گروپ کے نائب سربراہ جبکہ گگن نارنگ بھارتی نشانے بازی ٹیم کے انچارج ہوں گے۔ ڈاکٹر Dinshaw Pardiwala کو چیف میڈیکل افسر مقرر کیا گیاہے۔
بھارت نے پیرس اولمپک 2024 کیلئے نشانے بازی میں پہلے ہی 19 پوزیشن پکی کرلی ہیں اور ان میں اضافے کا امکان ہے۔

## Swiss Opent Badminton

بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی کدامبی سریکانت، کرن جارج اور پریانشو راجاوت سوئٹزرلینڈ کے Basel میں سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹرفائنل میں پہنچ گئے ہیں۔سریکانت نے ملیشیا کے Lee Zii Jia کو سیدھے سیٹوں میں اکیس سولہ، اکیس پندرہ سے ہرایا، جبکہ کرن نے فرانس کے کھلاڑی Alex Lanier کو اٹھارہ اکیس، بائیس بیس، اکیس اٹھارہ سے شکست دی۔ پریانشو نے کل چین کے Lei Lan Xi کو اکیس چودہ، اکیس تیرہ سے ہرایا۔
البتہ لکشیہ سین، مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹرفائنل میں تائیوان کے Lee Chia Hao سے سترہ اکیس، پندرہ اکیس سے ہار کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔
پی وی سندھو بھی خواتین کے سنگلز میں دوسرے راؤنڈ میں جاپان کی عالمی نمبر 2 7 کی کھلاڑی Tomoka Miyazaki سے اکیس سولہ، انیس اکیس، سولہ اکیس سے ہار کر مقابلے سے باہر ہوگئی ہیں۔
اس سے قبل خواتین کے ڈبلز میں بھارت کی گائتری گوپی چند اور تریسا جولی کوارٹرفائنل میں پہنچ گئی ہیں۔
مکسڈ ڈبلز میں سمیت ریڈی اور سِکی ریڈی پری کوارٹر فائنل میں ہار گئے۔

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے ساتھیان گناناشیکھرن نے کل لبنان میں عالمی فیڈر بیروت ٹورنامنٹ میں مردوں کا سنگلز کا خطاب جیت لیا۔عالمی نمبر103کے کھلاڑی ساتھیان نے اپنے ساتھی کھلاڑی Manav وکاس ٹھکر کو تین ایک سے فائنل میں ہرایا۔ اس سے قبل ساتھیان نے سیمی فائنل میں چینی تاپے کے عالمی نمبر 39 کھلاڑی Chuang Chih-Yuan کو ہرایاتھا۔

Manav تین زمروں میں فائنل میں پہنچنے کے باوجود کسی میں بھی سونے تمغہ نہیں جیت پائے۔ مردوں کے ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں بھی وہ ہار گئے۔کُل ملاکر بھارتی کھلاڑیوں کی کارکردگی اچھی رہی اور انہوں نے دو خطاب جیتے۔

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمان

شکریہ - ارجمند

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے ورلڈ ڈیموکریٹک فورم میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ وزیراعظم کیخطاب کو نمایاں کیاہے۔ روزنامہ پرتاپ نے جناب مودی کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ورلڈ ڈیموکریٹک فورم ایک دوسرے سے سیکھنے کا پلیٹ فارم ہے اس موقع پر وزیراعظم کے اس بیان کو روزنامہ ملاپ نے سرخی بنایاہے کہ بھارت مادرجمہوریت ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے شراب پالیسی معاملے میں ای ڈی کے ذریعہ دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو گرفتار کئے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔

بھارت کا عروج عالمی امن اور ہم آہنگی کو یقینی بناتا ہے۔ نائب صدرجمہوریہ کے اس بیان کو روزنامہ پرتاپ نے سرخی بنایاہے۔ انہوں نے یہ بات اپنی رہائش گاہ پر بین الاقوامی اسٹریٹجک پارٹنرشپ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر ہے کہ انتخابی بانڈز سے متعلق جملہ تفصیلات SBI نے کمیشن کے سپرد کیں۔

پرتاپ کی ایک خبر کے مطابق بھارت کا 21ویں صدی کا پشپک جہاز آج خلا میں بھیجا جائے گا۔

روزنامہ ملاپ کی ایک سرخی ہے کہ سالانہ شری امرناتھ یاترا 29 جون سے شروع ہونے کا امکان۔

اسی اخبار نے دلی کے ویلکم علاقے میں زیرتعمیر عمارت گرنے اور دو ملازمین کے ہلاک ہونے کی خبر کو بھی پیش کیاہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے شراب پالیسی گھپلے کے کیس میں دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو گرفتار کرلیا ہے۔ امید ہے کہ سپریم کورٹ آج اُن کی ضمانت کی درخواست کی سماعت کرے گی۔

2 وزیر اعظم نریندر مودی آج بھوٹان کے دو دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔

3 کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 57 امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔

4 ٹیبل ٹینس کے سرکردہ کھلاڑی Achanta Sharath Kamal پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارت کے پرچم بردار ہوں گے۔

5 اور بھارت کے ساتھیان گناناشیکھرن نے لبنان میں عالمی ٹیبل ٹینس فیڈر بیروت ٹورنامنٹ میں مردوں کا سنگلز ٹائٹل جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------